# تبصرۂ کتب

تبصرہ کیلئے ہر کتاب کے دو نسخے آنا ضروری ہیں

## کیا فقہ حنفی اسلام کی کامل اور صحیح تعبیر ہے؟

شیخ الحدیث مولانا محمد اسمٰعیل السلفیؒ

ضخامت :- ۴۸ صفحات، سفید کاغذ رنگین ٹائیٹل

قیمت :- ۳ روپے

ملنے کا پتہ :- مکتبہ نذیریہ جامع مسجد قبا چناب بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور ۱۸

مولانا محمد حنیف یزدانی صاحب نہایت باذوق متحرک، مخلص اور مسلکِ اہلحدیث کے شیدائی و دلدادہ ہیں۔ لکھنے پڑھنے کا صاف ستھرا ذوق رکھتے ہیں دینی کتابوں کی اشاعت میں ان کا اعلیٰ و خوبصورت ذوق قابل رشک ہے چونکہ وہ ایک حنفی خاندان کے چشم و چراغ تھے تحصیل علم کے بعد تقابلی مطالعہ اور ذاتی تحقیق سے عامل بالحدیث ہو گئے اس اعتبار سے مسلک کی اشاعت کا جذبہ صادقہ اور ولولہ تازہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ مذکورہ بالا کتابچہ موصوف نے اسی جذبہ سے خوبصورت انداز میں شائع کیا ہے جو ظاہری حسن و جمال سے آراستہ ہے۔ اس کے مصنف ملک کی مشہور و معروف شخصیت شیخ الحدیث مولانا محمد اسمٰعیل السلفی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ مولانا السلفی رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے جو خوبیاں اور رعنائیاں ودیعت فرمائی تھیں وہ انہیں کا امتیاز ہے۔ مولانا موصوف کا علم مستحضر انداز بیاں دلنشیں، گرفت مضبوط قوت استدلال بے پناہ۔ ذوق اجتہاد نہایت عمدہ۔ زبان و بیان کی تمام جلوہ آرائیاں وافر، فصیح و بلیغ طرز تحریر، یہ ہیں وہ اوصاف جو شیخ الحدیث مولانا اسمٰعیل السلفیؒ کو اپنے تمام معاصرین سے ممتاز کرتے ہیں اس رسالہ میں مولانا السلفی مرحوم نے پچیس عنوانات کے ماتحت بڑے خوبصورت اسلوب اور عمدہ پیرائے میں اس امر سے بحث کی ہے کہ کیا فقہ حنفی عصر حاضر میں کامل اسلام کے تقاضوں کو پورا کر سکتی ہے۔ دراصل "بینات" کراچی نے ملک میں فقہ حنفی کو رائج کرنے کے لئے کچھ اس قسم کے شوشے چھوڑے تھے جن کے جواب میں مولانا مرحوم نے یہ جامع مقالہ سپردِ قلم فرمایا تھا۔ آج تک حنفی علماء مولانا مرحوم کے اس رسالہ کا جواب نہیں دے سکے

© rasailojaraid.com